The Absolute Reality

www.quran4u.com

# Noble Quran القُرآن الحَکِیمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) (حضرت شاہ عبدِالقادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی

## سورۃ الجاثیۃ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| حمٓ<br>حٰم | .1 |
| تَنزِيلُ ٱلۡكِتَـٰبِ مِنَ ٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ<br>اتارا کتاب کا ہے اللہ سے، جو زبردست ہے حکمت والا۔ | .2 |
| إِنَّ فِى ٱلسَّمَـٰوَٲتِ وَٱلۡأَرۡضِ لَأَيَـٰتٍ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ<br>بیشک آسمانوں میں اور زمین میں بہت پتے (نشانیاں) ہیں ماننے والوں کو۔ | .3 |
| وَفِى خَلۡقِكُمۡ<br>اور تمہارے بنانے میں (بھی)<br>وَمَا يَبُثُّ مِن دَآبَّةٍ ءَايَـٰتٌ لِّقَوۡمٍ يُوقِنُونَ<br>اور جتنے بکھیرتا ہے جانور پتے (نشانیاں) ہیں ایک لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں۔ | .4 |

5. وَٱخۡتِلَٰفِ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ وَمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مِن رِّزۡقٖ

اور بدلنے میں رات دن کے، اور جو اُتاری اللہ نے آسمان سے (ذریعہ) روزی (بارش)

فَأَحۡيَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا

پھر جلایا (زندہ کیا) اس سے زمین کو مر گئے پیچھے (مردہ ہونے کے بعد)،

وَتَصۡرِيفِ ٱلرِّيَٰحِ ءَايَٰتٞ لِّقَوۡمٖ يَعۡقِلُونَ

اور بدلنے (گردش) میں باؤں (ہواؤں) کے پتے (نشانیاں) ہیں ایک لوگوں کو جو بوجھتے (عقل رکھتے) ہیں۔

6. تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ نَتۡلُوهَا عَلَيۡكَ بِٱلۡحَقِّۖ

یہ باتیں ہیں اللہ کی، ہم سناتے ہیں تجھ کو ٹھیک۔

فَبِأَيِّ حَدِيثِۭ بَعۡدَ ٱللَّهِ وَءَايَٰتِهِۦ يُؤۡمِنُونَ

پھر کون سی بات کو، اللہ اور اس کی باتیں چھوڑ کر مانیں گے؟

7. وَيۡلٞ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٖ

خرابی ہے ہر جھوٹے گنہگار کی۔

8. يَسۡمَعُ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرٗا كَأَن لَّمۡ يَسۡمَعۡهَاۖ

کہ (جب) سُنے باتیں اللہ کی، اس پاس پڑھی جائیں، پھر ضد کرے غرور سے، جیسے وہ سنی نہیں۔

فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٖ

سو خوشی سنا اس کو ایک دکھ کی مار کی۔

.9 وَإِذَا عَلِمَ مِنْ ءَايَٰتِنَا شَيْـًٔا ٱتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ

اور جب خبر پائے ہماری باتوں میں کسی چیز کی اس کو ٹھہرا دے ٹھٹھا (مذاق)۔

أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ

ایسوں کو ذلت کی مار (عذاب) ہے۔

.10 مِّن وَرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ

پرے (سامنے) ان کے دوزخ ہے۔

وَلَا يُغْنِى عَنْهُم مَّا كَسَبُوا۟ شَيْـًٔا وَلَا مَا ٱتَّخَذُوا۟ مِن دُونِ ٱللَّهِ أَوْلِيَآءَ ۖ

اور کام نہ آئے گا ان کو جو کمایا تھا کچھ، اور نہ وہ جو پکڑے تھے اللہ کے سوا رفیق۔

وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ

اور ان کو بڑی مار (عذاب) ہے۔

.11 هَٰذَا هُدًى ۖ

یہ سوجھا دیا (ہدایت ہے)۔

وَٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ

اور جو منکر ہیں اپنے رب کی باتوں سے، ان کو مار (عذاب) ہے ایک بلا کی دکھ والی۔

.12 ٱللَّهُ ٱلَّذِى سَخَّرَ لَكُمُ ٱلْبَحْرَ لِتَجْرِىَ ٱلْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِۦ

اللہ وہ ہے جس نے بس میں دیا تمہارے دریا کہ چلیں اس میں جہاز اس کے حکم سے،

| | |
|---|---|
| | وَلِتَبۡتَغُواْ مِن فَضۡلِهِۦ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ<br>اور تلاش کرو (معاش) اس کے فضل سے، اور شاید تم حق مانو۔ |
| .13 | وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعًا مِّنۡهُۚ<br>اور کام لگائے تمہارے جو کچھ ہیں آسمانوں میں اور زمین میں سب، اس کی طرف سے۔<br>إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَأَيَٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَتَفَكَّرُونَ<br>اس میں پتے (نشانیاں) ہیں ایک لوگوں کو جو دھیان (غور و فکر) کرتے ہیں۔ |
| .14 | قُل لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ يَغۡفِرُواْ لِلَّذِينَ لَا يَرۡجُونَ أَيَّامَ ٱللَّهِ<br>کہہ دے ایمان والوں کو، معاف کریں ان کو جو اُمید نہیں رکھتے اللہ کے دنوں کی<br>(جو اعمال کے بدلے میں مقرر ہیں)<br>لِيَجۡزِىَ قَوۡمَۢا بِمَا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ<br>کہ وہ سزا دے ان لوگوں کو، بدلہ اس کا جو کماتے تھے۔ |
| .15 | مَنۡ عَمِلَ صَٰلِحًا فَلِنَفۡسِهِۦۖ<br>جس نے بھلا کیا تو اپنے واسطے۔<br>وَمَنۡ أَسَآءَ فَعَلَيۡهَاۖ<br>اور جس نے بُرا کیا، تو اپنے حق میں۔<br>ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُونَ<br>پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاؤ گے۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ٱلْكِتَٰبَ وَٱلْحُكْمَ وَٱلنُّبُوَّةَ<br>اور ہم نے دی ہے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور پیغمبری<br>وَرَزَقْنَٰهُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ وَفَضَّلْنَٰهُمْ عَلَى ٱلْعَٰلَمِينَ<br>اور کھانے کو دیں ستھری چیزیں، اور بزرگی دی ان کو جہان پر۔ | .16 |
| وَءَاتَيْنَٰهُم بَيِّنَٰتٍ مِّنَ ٱلْأَمْرِ ۖ<br>اور دیں ان کو کھلی (واضح) باتیں دین کی،<br>فَمَا ٱخْتَلَفُوٓا۟ إِلَّا مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ<br>پھر پھوٹ (اختلاف) جو ڈالی تو سمجھ آ چکے پیچھے آپس کی ضد سے۔<br>إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِى بَيْنَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُوا۟ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ<br>تیرا رب چکوتی (فیصلہ) کرے گا ان میں قیامت کے دن، جس بات میں وہ جھگڑتے تھے۔ | .17 |
| ثُمَّ جَعَلْنَٰكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِّنَ ٱلْأَمْرِ<br>پھر تجھ کو رکھا ہم نے ایک رستے پر اس کام کے،<br>فَٱتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَآءَ ٱلَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ<br>سو تو اسی پر چل، اور نہ چل چاؤں (خواہشات) پر نادانوں کے۔ | .18 |
| إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا۟ عَنكَ مِنَ ٱللَّهِ شَيْـًٔا ۚ<br>وہ کام نہ آئیں گے تیرے اللہ کے سامنے کچھ۔ | .19 |

| | |
|---|---|
| وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍۖ<br>اور بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔<br>وَٱللَّهُ وَلِيُّ ٱلۡمُتَّقِينَ<br>اور اللہ رفیق ہے ڈر والوں (متقیوں) کا۔ | |
| هَٰذَا بَصَٰٓئِرُ لِلنَّاسِ<br>یہ (قرآن) سوجھ (بصیرت) کی باتیں ہیں لوگوں کے واسطے،<br>وَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّقَوۡمٖ يُوقِنُونَ<br>اور راہ (ہدایت) کی اور مہر (رحمت) ہے ان لوگوں کو جو یقین لاتے ہیں۔ | .20 |
| أَمۡ حَسِبَ ٱلَّذِينَ ٱجۡتَرَحُواْ ٱلسَّيِّـَٔاتِ أَن نَّجۡعَلَهُمۡ<br>کیا خیال رکھتے ہیں جنھوں نے کمائی ہیں برائیاں کہ ہم کر دیں گے ان کو برابر ان کے<br>كَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ سَوَآءٗ مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡۚ<br>جو یقین لائے اور کئے بھلے کام ایک سا ان کا جینا اور مرنا۔<br>سَآءَ مَا يَحۡكُمُونَ<br>برے دعوے ہیں جو کرتے ہیں۔ | .21 |
| وَخَلَقَ ٱللَّهُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ بِٱلۡحَقِّ وَلِتُجۡزَىٰ كُلُّ نَفۡسِۭ بِمَا كَسَبَتۡ<br>اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہئیں، اور تا (کہ) بدلہ پائے ہر کوئی اپنی کمائی کا، | .22 |

| | | |
|---|---|---|
| وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ<br>اور ان پر ظلم نہ ہو گا۔ | | |
| أَفَرَءَيۡتَ مَنِ ٱتَّخَذَ إِلَٰهَهُۥ هَوَىٰهُ<br>بھلا دیکھ تو! جس نے ٹھہرایا اپنا حاکم اپنی چاؤ (خواہش) کو<br>وَأَضَلَّهُ ٱللَّهُ عَلَىٰ عِلۡمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمۡعِهِۦ وَقَلۡبِهِۦ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِۦ غِشَٰوَةً<br>اور راہ سے کھویا اس کو اللہ نے جانتا بوجھتا، اور مُہر کی اس کے کان پر اور دل پر،<br>اور ڈالی اس کی آنکھ پر اندھیری۔<br>فَمَن يَهۡدِيهِ مِنۢ بَعۡدِ ٱللَّهِۚ<br>پھر کون راہ پر لائے اس کو اللہ کے سِوا؟<br>أَفَلَا تَذَكَّرُونَ<br>کیا تم سوچ نہیں کرتے؟ | .23 | |
| وَقَالُواْ مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا ٱلدُّنۡيَا نَمُوتُ وَنَحۡيَا وَمَا يُهۡلِكُنَآ إِلَّا ٱلدَّهۡرُۚ<br>اور کہتے ہیں نہیں یہی ہے ہمارا جینا دنیا کا، ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور مرتے ہیں ہم سو زمانے سے<br>وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنۡ عِلۡمٍۖ إِنۡ هُمۡ إِلَّا يَظُنُّونَ<br>اور ان کو کچھ خبر نہیں اس کی۔ نری اٹکلیں (گمان) دوڑاتے ہو۔ | .24 | |

| | |
|---|---|
| وَإِذَا تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِمۡ ءَايَٰتُنَا بَيِّنَٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمۡ إِلَّآ أَن قَالُواْ<br>اور جب سنائیے ان کو ہماری آیتیں کھلی اور جھگڑا انہیں ان کو مگر یہی کہتے ہیں،<br>ٱئۡتُواْ بِـَٔابَآئِنَآ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ<br>لے آؤ (زندہ کر لاؤ) ہمارے باپ دادوں کو اگر تم سچے ہو۔ | .25 |
| قُلِ ٱللَّهُ يُحۡيِيكُمۡ ثُمَّ يُمِيتُكُمۡ<br>تو کہہ، اللہ جِلاتا (زندہ کرتا) ہے تم کو، پھر مارے گا تم کو،<br>ثُمَّ يَجۡمَعُكُمۡ إِلَىٰ يَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ لَا رَيۡبَ فِيهِ<br>پھر اکھٹا کرے گا تم کو قیامت کے دن تک، اس میں کچھ شک نہیں،<br>وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ<br>پر بہت لوگ نہیں سمجھتے۔ | .26 |
| وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ<br>اور اللہ کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔<br>وَيَوۡمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يَوۡمَئِذٖ يَخۡسَرُ ٱلۡمُبۡطِلُونَ<br>اور جس دن اٹھے گی قیامت اُس دن خراب ہوں گے جھوٹے۔ | .27 |
| وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٖ جَاثِيَةٗۚ<br>اور تو دیکھے ہر فرقہ زانو پر بیٹھے ہیں، | .28 |

كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰٓ إِلَىٰ كِتَـٰبِهَا

ہر فرقہ بلاتا جاتا ہے اپنے اپنے دفتر (اعمال نامہ) پر۔

ٱلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ

آج بدلہ پاؤ گے جیسا تم کرتے تھے۔

.29 هَـٰذَا كِتَـٰبُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِٱلْحَقِّ ۚ

یہ ہمارا دفتر (تحریر) ہے، بولتا ہے تمہارے کام ٹھیک۔

إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ

ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے۔

.30 فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِى رَحْمَتِهِۦ ۚ

سو جو یقین لائے ہیں، اور بھلے کام کئے، سو ان کو داخل کریگا ان کا رب اپنی مِہر (رحمت) میں۔

ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْمُبِينُ

یہ جو ہے یہی صریح مراد ملنی۔

.31 وَأَمَّا ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ أَفَلَمْ تَكُنْ ءَايَـٰتِى تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ

اور وہ جو منکر ہوئے، کیا تم کو سنائی نہ جاتی تھیں باتیں میری؟

فَٱسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا مُّجْرِمِينَ

پھر تم نے غرور کیا، اور ہو رہے تم لوگ گناہگار۔

| | |
|---|---|
| 32. | وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعۡدَ ٱللَّهِ حَقٌّ وَٱلسَّاعَةُ لَا رَيۡبَ فِيهَا<br>اور جب کہئے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور اس گھڑی میں دھوکا نہیں،<br>قُلۡتُم مَّا نَدۡرِي مَا ٱلسَّاعَةُ<br>(تو) تم کہتے ہو، ہم نہیں سمجھتے کیا ہے وہ گھڑی؟<br>إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحۡنُ بِمُسۡتَيۡقِنِينَ<br>ہم کو آتا ہے تو ایک خیال سا، اور ہم کو یقین نہیں ہوتا۔ |
| 33. | وَبَدَا لَهُمۡ سَيِّـَٔاتُ مَا عَمِلُواْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ<br>اور کھلیں اُن پر برائیاں ان کاموں کی جو کئے تھے اور اُلٹ پڑی ان پر جس چیز سے ٹھٹھا (مذاق) کرتے تھے۔ |
| 34. | وَقِيلَ ٱلۡيَوۡمَ نَنسَىٰكُمۡ كَمَا نَسِيتُمۡ لِقَآءَ يَوۡمِكُمۡ هَٰذَا وَمَأۡوَىٰكُمُ ٱلنَّارُ<br>اور حکم ہوا، کہ آج ہم تم کو بھلائیں گے، جیسے تم نے بھلا دیا اپنے اس دن کا ملنا، اور گھر تمہارا دوزخ ہے،<br>وَمَا لَكُم مِّن نَّٰصِرِينَ<br>اور کوئی نہیں تمہارے مددگار۔ |
| 35. | ذَٰلِكُم بِأَنَّكُمُ ٱتَّخَذۡتُمۡ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ هُزُوًا وَغَرَّتۡكُمُ ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَاۚ<br>یہ تم پر اس واسطے کہ تم نے پکڑا اللہ کی باتوں کو ٹھٹھا (مذاق) اور بہکے دنیا کے جینے پر۔<br>فَٱلۡيَوۡمَ لَا يُخۡرَجُونَ مِنۡهَا وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُونَ<br>سو آج نہ ان کو نکالنا ہے وہاں سے اور نہ ان سے چاہیں توبہ۔ |

| | |
|---|---|
| .36 | فَلِلَّهِ ٱلْحَمْدُ رَبِّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَرَبِّ ٱلْأَرْضِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ<br>سو اللہ کو ہے سب خوبی، جو رب ہے آسمانوں کا، اور رب ہے زمین کا، رب سارے جہان کا۔ |
| .37 | وَلَهُ ٱلْكِبْرِيَآءُ فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ<br>اور اسی کو بڑائی ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔<br>وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ<br>اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔<br>********* |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**
**Email:**
quran4u_com@yahoo.com